بسم اللہ الرحمن الرحیم

Wifaq - ul - Madaris - il - Arabia, Pakistan.

وفاق المدارس العربیہ پاکستان

مرکزی دفتر: گارڈن ٹاؤن، شیر شاہ روڈ ملتان۔

فون نمبر: 6539665 - 6539376 - 061

فیکس نمبر: 6539485 - 061

محترم ومکرم جناب حضرت مہتمم صاحب زید مجدکم

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته!

امید ہے خیروعافیت سے ہوں گے اوردن رات دین متین کی خدمت اوراشاعت میں مصروف ہوں گے۔

گزارش ہے کہ کچھ عرصے سے مختلف علاقوں اور متعدد مدارس کی طرف سے یہ تشویشناک اطلاعات موصول ہورہی ہیں کہ این جی اوز کے نمائندے بعض اوقات سروے کے نام پر، کبھی تحقیق اور ریسرچ کے نام پر مدارس سے مختلف قسم کے سروے فارم پر کرواتے ہیں۔ اسی طرح بعض لوگ مقالہ جات اور تھیس لکھنے کا بہانہ بنا کر مدارس کے اساتذہ و طلبہ سے انٹرویو کرتے ہیں۔ جبکہ بہت سے لوگ خود کو صحافی ظاہر کر کے دینی مدارس سے مختلف معلومات حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں یا دینی مدارس کی تصاویر اور ویڈیوز حاصل کر کے انہیں غلط مقاصد کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

بعض اوقات تو ایسے لوگ یقیناً صحافی ہوتے ہیں۔ اگر ان کے بارے میں یہ معلوم ہو کہ وہ کسی مستند اور معروف صحافتی ادارے سے تعلق رکھتے ہیں اور وہ بددیانتی اور خیانت کے مرتکب نہیں ہوں گے تب تو ان کے ساتھ تعاون کرنا چاہیے۔ بصورت دیگر خندہ پیشانی سے ان سے معذرت کر لینی چاہیے۔ جبکہ تمام سروے، مقالہ جات اور تھیس وغیرہ کے نام پر آنے والے لوگوں بالخصوص غیر ملکیوں کے معاملے میں تمام اہل مدارس کو تو انتہائی محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ کیونکہ عموماً ان سروے رپورٹوں اور دیگر معلومات کو بدنیتی کی بنیاد پر حاصل کیا جاتا ہے اور وقت آنے پر مدارس کے خلاف استعمال کیا جاتا ہے۔ اس لیے تمام ارباب مدارس کو چاہیے کہ وہ اس بات کا اہتمام فرمائیں کہ ایسے لوگوں کو وفاق المدارس کے علاقائی مسئولین، مرکزی دفتر یا مرکزی قیادت سے رجوع کرنے کو کہیں۔ از خود انہیں مدارس تک رسائی نہ دیں اور نہ ہی تصویر کشی، ویڈیو سازی، معلومات کے حصول، سروے فارموں کی تقسیم اور اساتذہ وطلبہ کے انٹرویوز کرنے کی اجازت دیں۔

جزاکم اللہ احسن الجزاء

والسلام

سلیم اللہ خان

شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب دامت برکاتہم العالیہ

صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان

(مولانا) محمد حنیف جالندھری

ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان